نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے مون سون کی بارشوں کے دوران فصلات کے تحفظ کیلئے حکمت عملی جاری کردی

لاہور 06 جولائی 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مون سون کی بارشوں سے دوران مختلف فصلات کے تحفظ کیلئے بتایا ہے کہ **کماد، دھان اور چارہ جات** کی فصلات پانی کی زیادتی کو برداشت کر جاتی ہیں لہذا بارش کے زائد پانی کو ان فصلات میں منتقل کرنے سے مضر اثرات مرتب نہیں ہوتے ہیں جب کہ **کپاس اور سبزیات** کی فصلات پانی کی زیادتی برداشت نہیں کرتی ہیں اس لئے ان فصلات سے بارش کے زائد پانی کی نکاسی کا فوری بندوبست کرنا چاہیے تاکہ یہ فصلات بارشوں کے مضر اثرات سے محفوظ رہیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ۔کپاس یا سبزیات کے قریب اگر کماد، دھان یا گارہ کی فصل موجود ہوتو بارش کا زائد پانی اُن میں منتقل کیا جاسکتا ہے اور اگر پاس خالی کھیت ہوتو کھائی کھود کر بارش کا زائد پانی اُس میں منتقل کر دیں۔یاد رہے، کپاس کی فصل پانی کے معاملے میں انتہائی حساس ہوتی ہے اور اگر بارش کا پانی 48 گھنٹے کھڑا رہے تو کپاس کے پودے مرنا شروع ہو جاتے ہیں۔بارش کے بعد اگر ضرورت محسوس ہوتو کپاس کے پودے پر محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے گروتھ ریگولیٹرز کا سپرے بھی کیا جاسکتا ہے۔کاشتکاروں کو چاہیے کہ وہ ریڈیو اور ٹی وی سے نشر ہونے والے موسمی پیشن گوئی پر نظر رکھیں تاکہ اپنی فصلوں کی آبپاشی کیلئے اس کے مطابق اپنا پروگرام ترتیب دے سکیں۔امسال محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق مون سون کے موسم میں زیادہ بارشوں کا امکان ہے لہذا کاشتکار اس کے مطابق عمل کریں اور فصلات کی حفاظت کیلئے اقدامات کریں اس سلسلے میں کاشتکار اپنی فصلات یا فارمز میں نکاسیِ آب کا نظام خاص طور پر بہتر کریں۔ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ مون سون کے موسم میں جڑی بوٹیوں کی افزائش میں اضافہ ہوتا ہے۔یہ جڑی بوٹیاں نہ صرف غذائی ضرروتوں کے اعتبار سے فصل کے پودوں سے مقابلہ کرتی ہیں بلکہ یہ ضرررساں کیڑوں کی پناہ گاہ بھی ثابت ہوتی ہیں۔اس موسم میں رس چوسنے والے کیڑوں کے حملے کا خطرہ زیادہ ہو جاتا ہے کیونکہ موسم میں نمی اور حبس ان کی افزائش میں معاون ثابت ہوتی ہے اس لئے کاشتکار ان ضرررساں کیڑوں کے تحفظ کیلئے محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کے مقامی عملے سے مشورہ کریں اور بارش بند ہونے کی صورت میں محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سپرے کریں۔کاشتکار فصلات کی کاشت ترجیحاً پٹریوں پر کریں کیونکہ اس سے فصلات بارشوں کے ہونے والے مضر اثرات سے محفوظ رہتی ہیں

☆☆☆☆